نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی راولپنڈی میں جعلی زرعی کھادوں کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کاروائی، لاکھوں روپے مالیت کی جعلی کھادیں ضبط۔ملزمان گرفتار، ایف آئی آر کا اندراج

لاہور: 11 اکتوبر 2022 ( ) وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق محکمہ زراعت پنجاب کی جعلی زرعی ادویات وکھادوں کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں کی جاری ہیں۔ایسے ہی ایک آپریشن کے دوران اسسٹنٹ کنٹرولر فرٹیلائزر راولپنڈی نعیم اختر، سینئیر زراعت آفیسر ڈاکٹر محمد شاہد صدیق اور سید فرید احمد رضوی کے ہمراہ فیلڈ اسسٹنٹ نے خفیہ اطلاع ملنے پر ہمراہ متعلقہ علاقہ پولیس کی معاونت سے باغ راجگان/باغ سنگرہ مرکز بسالی میں پیسٹی سائیڈز آرڈیننس کے تحت چھاپہ مارا اور لاکھوں روپے مالیت کی جعلی ڈی اے پی کھاد کی 500 سے زائد بوریوں کو برآمد کیا ہے۔اس دوران اس مکروہ کاروبار میں ملوث 12 افراد کو موقع پر گرفتار کر کے خلاف ایف آئی آر کا اندارج عمل میں لایا گیا۔ملزمان سے زائد المعیاد زرعی ادویات و لیبل بھی کثیر تعداد میں برآمد کئے گئے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جارہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوّث افراد کو قانون کے حوالے کیا جارہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆